خبروں کا اعلامیہ

اگلے ہفتے البرٹا میں فلو ویکسین دستیاب ہے

13اکتوبر، 2022 میڈیا انکوائریز

17اکتوبر سے، چھ ماہ یا اس سے زیادہ عمر کے البرٹنز اپنے فلو کی ویکسین حاصل کر سکتے ہیں۔

65سال سے زیادہ عمر کے البرٹنز فلو کی زیادہ خوراک والی (ہائی ڈوز) ویکسین حاصل کرنے کے اہل ہیں، جبکہ چھ ماہ سے 64 سال کی عمر کے افراد کو باقاعدہ خوراک (ڈوز) ملے گی۔ یہ دونوں خوراکیں لوگوں کو انفلوئنزا وائرس کے چار عام اقسام (اسٹرینز)سے بچاتے ہیں۔

اپنی امیونائزیشن اپوائنٹمنٹ بک کرنا

17اکتوبر سے، حصہ لینے والی فارمیسیز، کچھ کمیونٹی میڈیکل کلینکس اور منتخب اے ایچ سائٹس (AHS) سائٹس پر انفلوئنزا کی ویکسینز دستیاب ہوں گی۔

بکنگس البرٹا ویکسین بکنگ سسٹم (Alberta Vaccine Booking System)کے ذریعے
bookvaccine.alberta.caپر یا ہیلتھ لنکHealth Link کو 811 پر کال کرکے دستیاب ہونگی۔

کچھ فارمیسیز واک ان کی سہولت بھی فراہم کریں گی۔ اگر آپ کی مقامی فارمیسی بکنگ سسٹم میں درج نہیں ہے، تو ان سے براہ راست رابطہ کریں یا اپنے نزدیک کی فارمیسی تلاش کرنے کے لیے bluecross.ca پر جائیں۔

حفاظتی ٹیکے کہاں لگوائے جائیں

17اکتوبر سے، انفلوئنزا کی ویکسینز بغیر کسی قیمت کے پیش کی جائیں گی:

- فارمیسیز اور کچھ کمیونٹی میڈیکل کلینکس میں پانچ سال یا اس سے زیادہ عمر کے البرٹنس کو۔
- کچھ کمیونٹی میڈیکل کلینکس میں چھ ماہ یا اس سے زیادہ عمر کے البرٹنز کو ۔

البرٹا ہیلتھ سروسز(Alberta Health Services) اپنے پبلک ہیلتھ کلینکس کے ذریعے ویکسین پیش کرے گی:

- پانچ سال سے کم عمر کے بچے اور ان کے خاندان اور گھر کے افرادد کو۔

- انافراد کو ،جن کے پاس صوبائی صحت کی دیکھ بھال کا نمبر (پرووناشیئل ہیلتھ کیئر نمبر)نہیں ہے۔
- ان افراد کوجو ایک ایسی کمیونٹی میں رہتے ہیں جہاں کوئی اور حفاظتی ٹیکے فراہم کرنے والے صحت کی دیکھ بھال کنندگان نہیں ہیں۔

فوری حقائق

- البرٹا کی حکومت نے البرٹنز کی صحت کے تحفظ میں مدد کے لیے انفلوئنزا ویکسین کی 1.9 ملین خوراکوں کا آرڈر دیا ہے۔
- 2021-22 کے لیے البرٹا کےموسمی انفلوئنزا سے متعلق اعداد شمار:

لیبارٹری سے تصدیق شدہ 2,906انفلوئنزا سے متاثر مریض اور انفلوئنزا سے متعلق 14 اموات ہوئیں۔

  - صوبائی حفاظتی ٹیکوں کی شرح 27 فیصد تھی۔
  - تقریباً 82 فیصد طویل مدتی نگہداشت کی سہولت گاہوں کے رہائشیوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے تھے۔
  - چھ ماہ سے 23 ماہ کی عمر کے تقریباً 52 فیصد بچوں کو انفلوئنزا ویکسین کی کم از کم ایک خوراک ملی۔
  - 65سال اور اس سے زیادہ عمر کے تقریباً 65 فیصد بزرگوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے گئے تھے۔
  - انفلوئنزا کے تمام حفاظتی ٹیکوں کے 75 فیصد لگانے کے ذمہ دار، فارماسسٹس تھے۔

متعلقہ معلومات

- اپنے البرٹا کی ویکسینیشن بک کروائیں (انفلوئنزا اور کووڈ-19)
- انفلوئنزا کے بارے میں